www.ashrafia.net

# شجرہ شریف مشائخ طریقت

# چشتیہ قادریہ اشرفیہ



مزار مبارک
غوث العالم تارک السلطنت محبوب یزدانی میر اُحد الدین
سلطان سید اشرف جہانگیر سمنانی رحمۃ اللہ علیہ



مزار مبارک
قطب ربانی
ابو مخدوم شاہ سید محمد طاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ
اشرف المشائخ
ابو محمد شاہ سید احمد اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت فخر المشائخ ابو المکرم
**ڈاکٹر سید محمد اشرف الاشرفی الجیلانی** مدظلہ العالی
سجادہ نشین درگاہ عالیہ اشرفیہ، اشرف آباد فردوس کالونی، کراچی

www.ashrafia.net

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شجرۂ نسبِ عالی

فخر المشائخ ابو المکرم

ڈاکٹر سید محمد اشرف الاشرفی الجیلانی مدظلہ العالی

(سجادہ نشین درگاہ عالیہ اشرفیہ اشرف آباد فردوس کالونی کراچی۔)

مئے عرفان کے جام لے لے کر
اِن بزرگوں کے نام لے لے کر
سوئی تقدیر کو جگا لیجئے
اپنے دِل کی مُراد پا لیجئے

# شجرۂ نسبِ عالی

فخرِ کائنات، مُحسنِ انسانیّت، باعثِ تخلیقِ کون ومکاں
سرورِ دوجہاں حضرت مُحمّد مُصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

۲۔ سیّدۃُ النساء العٰلمین، خاتونِ جنّت حضرت سیّدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
زوجہ حضرت علی شیرِ خُدا رضی اللہ عنہ

۳۔ سبطِ مُکرّم حضرت سیّدنا امامِ حسن مُجتبیٰ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ ۵۰ھ

۴۔ حضرت سیدنا حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ (مدینہ منورہ سنہ ۹۰ھ)

۵۔ حضرت سیّدنا عبدُ اللہ محض رضی اللہ عنہ (مدینہ منورہ سنہ ۱۱۰ھ)

۶۔ حضرت سیّدنا مُوسیٰ الجون رضی اللہ عنہ (عراق سنہ ۱۳۰ھ)

۷۔ حضرت سیّدنا عبدُ اللہ ثانی رضی اللہ عنہ

۸۔ حضرت سیّدنا مُوسیٰ ثانی رضی اللہ عنہ

۹۔ حضرت سیّدنا ابوبکر داؤد رضی اللہ عنہ

۱۰۔ حضرت سیّدنا شمس الدّین محمّد رضی اللہ عنہ (عراق ۳۰ھ)

۱۱۔ حضرت سیّدنا یحیٰی زاھد رضی اللہ عنہ (عراق ۳۳۰ھ)

۱۲۔ حضرت سیّدنا عبدُاللہ جیلی رضی اللہ عنہ (جیلان)

رضی اللہ عنہ جیلانی
۱۳۔ حضرت سیّدنا ابوصالح سیّدنا موسیٰ جنگی دوست ۴۱۲ھ

۱۴۔ شہبازِ لامکانی غوث صمدانی محبوبِ سبحانی

رضی اللہ عنہ
حضرت ابو محمّد محی الدّین سیّدنا عبدُ القادر جیلانی بغداد ۵۶۱ھ

رضی اللہ عنہ
۱۵۔ حضرت سیّدنا ابوبکر تاجُ الدّین عبدُالرزاق الجیلانی بغداد ۳ھ

۱۶۔ حضرت سیّدنا ابوصالح عمادُ الدّین نصر الجیلانی رضی اللہ عنہ بغداد ۳۳ھ

۱۷۔ حضرت سیّدنا ابونصر محمّد الجیلانی رضی اللہ عنہ (بغداد ۵ھ)

۳۴ھ
۱۸۔ حضرت سیّدنا سیفُ الدّین یحیٰی حموی الجیلانی رضی اللہ عنہ (شام

۱۹۔ حضرت سیّدنا شمسُ الدّین الجیلانی رضی اللہ عنہ (شام)

رضی اللہ عنہ
۲۰۔ حضرت سیّدنا علاؤ الدّین علیٰ الجیلانی قاہرہ شام ۹۳ھ



www.ashrafia.net

www.ashrafia.net

۲۱، حَضرت سَیّدنا بدرُالدّین حَسَن الجیلانی رضی اللہ عنہ (شام)

۲۲، حَضرت سَیّدنا اَبُوالعبَاس احمد الجیلانی رضی اللہ عنہ (عراق)

۲۳، حَضرت سَیّدنا عَبدُالغفُور حَسَن الجیلانی رضی اللہ عنہ (بغداد)

۲۴، مخدُوم الافاق حضرت ابُوالحسَن سیّدنا عبدُالرزاق
نُورُالعین اشرفی الجیلانی

سجادہ نشین اوّل درگاہ کچھوچھہ شریف انڈیا) ۷ ذی الحجہ سنہ ۸۷۲ھ

۲۵، حَضرت سَیّدنا شَاہ حُسَین قتَال اَلاشرَفی الجیلانی

(خلفِ ثانی حضرت نُورالعَین)

۲۶، حَضرت سَیّد جعُفرشَاہ الاَشرَفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۲۷، حَضرت سَیّد چراغ جہاں الاَشرَفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۲۸، حَضرت سَیّد جعفرشَاہ ثَانی الاَشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۲۹، حَضرت سَیّد مُبارک شَاہ اَلاَشرَفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

www.ashrafia.net

۳۰۔ حضرت سید محب اللہ شاہ الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۱۔ حضرت سید محمد شاہ الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۲۔ حضرت سید قطب جہاں الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۳۔ حضرت سید محمد شاہ ثانی الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۴۔ حضرت سید عبد الوہاب الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۵۔ حضرت سید محمد اشرف (ثالث) الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۶۔ حضرت سید حامد اشرف الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۷۔ حضرت سید محمود اشرف الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

۳۸۔ حضرت حافظ سید حسین اشرف الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ

www.ashrafia.net

۳۹۔ حضرت قطب ربّانی ابو مخدوم شاہ سیّد محمّد طاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ
۱۳۸۱ھ مطابق ۱۹۶۱ء کراچی

۴۰۔ حضرت اشرف المشائخ ابو محمّد شاہ سیّد احمد اشرف الاشرفی الجیلانی رضی اللہ عنہ
۱۴، ذیقعدہ ۱۴۲۶ھ مطابق ۱۷، دسمبر ۲۰۰۵ء
(سجادہ نشین اوّل درگاہ عالیہ اشرفیہ اشرف آباد فردوس کالونی کراچی)

۴۱۔ حضرت فخر المشائخ ابو المکرم ڈاکٹر شاہ سیّد محمّد اشرف الاشرفی الجیلانی مدظلہ العالی
سجادہ نشین درگاہ عالیہ اشرفیہ اشرف آباد فردوس کالونی کراچی

## ملفوظات اشرف المشائخ

اپنے اسلاف پر نظر رکھو اور انہی کے طریقے پر چلو ہمیشہ اور ہر جگہ باعزت باوقار رہو گے اور اگر ان سے ہٹ کر چلو گے تو ذلیل و رسوا ہو جاؤ گے۔

www.ashrafia.net

# شجرہ طیبہ

## سلسلۂ عالیہ چشتیہ نظامیہ سراجیہ اشرفیہ

کر دُعا مقبول مولا اپنے لُطف و فضل سے
سیّد عالم محمّد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے

روشنی نورِ عرفاں سے ہو روشن دل مرا
شاہِ دیں حضرت علی مشکل کشاء کے واسطے

فضل ہو تیرا بنادے فقر کا تو بادشاہ
شہ حسن بصری امامِ اولیاء کے واسطے

عابدوں میں شان سے رکھ میرے رب دو جہاں
عبدِ واحد ابنِ زید مقتدا کے واسطے

رکھ سدا اپنی محبت اور عنایت میں مجھے
حضرت خواجہ فضیل باصفا کے واسطے

صاف دکھلا دے جمال با کمال مصطفیٰ
حضرت ابراہیم ادہم بحرِ سخا کے واسطے

فقر کے کوچے میں رکھنا بس مجھے ثابت قدم
شہ سدید الدین حذیفہ حق نما کے واسطے

www.ashrafia.net

بخش دے میری خطائیں میرے عیبوں کو چھپا
شہ امین الدّین ہبیرہ باصفا کے واسطے

اور ہو جائے طریقت میں معرفت کا حصول
شہ علو ممشاد ذاکر باصفا کے واسطے

ہادی بر حق مجھے رستہ ہدایت کا دکھا
شہ ابو اسحاق شامی بو العلا کے واسطے

خیر دنیا دیں میں ہو اور خیر ہو خیر الوریٰ
شہ ابو احمد شہ ملکِ بقا کے واسطے

www.ashrafia.net

یا عزیز و جان و دِل بندہ رہے تیرا فقیر
خواجہ حضرت بو محمدؐ خوش ادا کے واسطے

دور کر دے میرے دل سے جو بھی ہوں آلائشیں
ناصر الدّین پیشوا یوسف لقا کے واسطے

کر طریقت معرفت میں مجھ کو معروف جہاں
قطب الدّین مودود چشتی رہنما کے واسطے

اور چمکا دے جہاں میں میری قسمت کا سہیل
شہ شریف زندنی ذو لعطاء کے واسطے

www.ashrafia.net

تو کرم کر دے جمالِ مصطفائی کے طفیل
خواجہ عثماں باشرم و حیا کے واسطے

اے مرے رب دو عالم مجھ پر رکھ اپنی نظر
شہ مُعین الدّین معینِ اولیاء کے واسطے

نُورِ ایماں سے مرے دل کو منوّر کر خدائے ذوالجلال
خواجہ قطبُ الدّین کاکی چشتیا کے واسطے

تو بنا دے میرے دل کو اے خدا روشن ضمیر
شہ فرید الدّین شکر گنج ولا کے واسطے

www.ashrafia.net

دور کر دے میرے دل سے خیالات کثیف
شہ نظام الدّین محبوبِ خدا کے واسطے

دِل کے آئینے میں دائم صورت جاناں رہے
شہ سراج الحق و دین بے ریا کے واسطے

میں ہوں عاصی تیری رحمت کا سہارا چاہیئے
شہ علاؤ الحق و دین پُر ضیا کے واسطے

جامِ وحدت کا پلا دے نُور سے پُر نور کر
غوث العالم سیّد اشرف باخُدا کے واسطے

www.ashrafia.net

شاد رکھ مجھ کو بچا میرے بُرے اعمال سے
حضرت رزاق عبدِ باصفا کے واسطے

دین و ایمان زندگی کا میرے نصب العین ہو
شاہ حُسین قتال واصل کبریا کے واسطے

صاف کر دے تو کرم سے نامۂ اعمال کو
سیّد جعفر شاہ صدق و صفا کے واسطے

عالم و حلم و عقل دے علم لدّنی کر عطا
شہ چراغ پُر ضیاء حق رسا کے واسطے

www.ashrafia.net

معرفت کا بیج بو دے میرے دل میں اے ربّ کریم
شاہ شمس الحق و دین دلربا کے واسطے

خوابِ غفلت سے بچا میں تیری الفت میں رہوں
سیّد راجو امیر اولیاء کے واسطے

بغض و کینہ سے بچا اور دل کو آئینہ بنا
شیخ سیّد احمد اشرف حق نما کے واسطے

زہد و تقویٰ دے خدا اور معصیت سے بھی بچا
شہ فتح اللہ اشرف پیشوا کے واسطے

www.ashrafia.net

کھول دے سب میرے دل سے جو بھی ہو اسرار فقر
شہ سیّد مرادِ اشرف پارسا کے واسطے

یاالٰہی بندگی کا کھول دے راز و نیاز
شہ بہاؤ الدّین اشرف پارسا کے واسطے

آبروِ دنیا و عقبیٰ میں مری رکھ لے خُدا
شاہ توکل باعمل اور باحیا کے واسطے

دائما مجھ پر رہے فضلِ نبی فضلِ خدا
حضرت داؤد علی باعطا کے واسطے

www.ashrafia.net

ظاہر و باطن کو ایک کر دے اے خدا
شہ نیاز اشرف حبیب کبریا کے واسطے

نیک رستے پر چلا کہ دِل مرا روشن رہے
حضرت اشرف حُسین اہلِ دُعا کے واسطے

شمع ایمان میرے دل میں تا ابد جلتی رہے
شہ علی حُسین اشرف پُر ضیا کے واسطے

عشقِ مُرشد تا ابد باقی رہے دِل میں مرے
شاہ محمد طاہر اشرف باحیا کے واسطے

www.ashrafia.net

فیض ہو ولیوں کا جاری لذتِ ایماں ملے
شیخ سیّد احمد اشرف حق نما کے واسطے

اے خدا دے اپنی الفت اور عشقِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم
شاہ محمد اشرف باصفا کے واسطے

## ملفوظاتِ اشرف المشائخ

اپنا نام باقی رکھنا چاہتے ہو تو اپنے بزرگوں کے نام کو زندہ رکھو کیونکہ تمھاری پہچان انھی سے ہے اگر ان کو چھوڑ کر اپنے نام و نمود کی کوشش کروگے تو کبھی کامیاب نھیں ہو سکتے۔

www.ashrafia.net

# راز

## از: راز دہلوی صاحب

ہو پُرکیف جلوہ کہ رنگین مناظر نظر میں سمایا تو اچھا نہ ہوگا

گذر جا ہر اک شے سے دامن بچا کر کہیں دل لگایا تو اچھا نہ ہوگا

غم نیستی ہو کہ نیرنگ ہستی تخیل پہ چھایا تو اچھا نہ ہوگا

کوئی نقش بھی عالم ماسویٰ کا تصور میں آیا تو اچھا نہ ہوگا

ہزاروں مصائب ہیں راہِ طلب میں اگر ہچکچایا تو اچھا نہ ہوگا

ہو کچھ بھی مگر جو قدم اُٹھ گیا ہے وہ پیچھے ہٹایا تو اچھا نہ ہوگا

وہ نغمہ جو پچھلے پہر ہم سنائیں کسی کو سنایا تو اچھا نہ ہوگا

وہ جلوہ جو چھپ کر کبھی ہم دیکھائیں کسی کو بتایا تو اچھا نہ ہوگا

www.ashrafia.net

حقیقت کی پنہاسی بھی اِک جھلک کو فسانہ بنایا تو اچھا نہ ہوگا

جو ظاہر میں باطن کی کیفیتوں کا اشارہ بھی پایا تو اچھا نہ ہوگا

ہم ہی ہم ہیں باطن میں لیکن بظاہر یہ پردہ اُٹھایا تو اچھا نہ ہوگا

کسی ڈھنگ سے رہ کسی حال میں رہ ہمیں گر بھلایا تو اچھا نہ ہوگا

ہماری عطا کی ہوئی بے خودی سے اگر ہوش آیا تو اچھا نہ ہوگا

تجھے کیا ملا کیوں ملا کس نے بخشا کہیں ذکر آیا تو اچھا نہ ہوگا

یہ کہہ کر انھوں نے مجھے راز سونپا کسی کو بتایا تو اچھا نہ ہوگا

www.ashrafia.net

# مختصر وظائف پنجگانہ

| | | |
|---|---|---|
| بعد نمازِ فجر | یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ | ۱۰۰ مرتبہ |
| بعد نمازِ ظہر | یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ | ۱۰۰ مرتبہ |
| بعد نمازِ عصر | یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ | ۱۰۰ مرتبہ |
| بعد نمازِ مغرب | یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ | ۱۰۰ مرتبہ |
| بعد نمازِ عشاء | یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ | ۱۰۰ مرتبہ |

بعد ہر نماز کے آیۃ الکرسی ایک بار

قُلْ ھُوَاللّٰہُ دس بار، کلمہ توحید دس بار

سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار، اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار

اور کلمہ تمجید ایک بار (کلمہ تمجید یہ ہے)

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

www.ashrafia.net

# حضرت فخر المشائخ ابو المکرم ڈاکٹر سید محمد اشرف جیلانی مدظلہ العالی

## کے زیرِ نگرانی درگاہ عالیہ اشرفیہ میں ہونے والے

## (ہفتہ واری و ماہانہ روحانی تربیتی پروگرام)

۱۔ ہر جمعرات کو رات ۱۰ بجے ذکر حلقہ ہوتا ہے۔

۲۔ ہر جمعہ کو بعد نمازِ جمعہ ختم خواجگان ہوتا ہے اس کے بعد درود شریف کا ختم اور مختصر نعت خوانی ہوتی ہے۔

۳۔ ہر اتوار کو عصر تا مغرب روحانی تربیتی نشست ہوتی ہے۔

۴۔ ہر چاند کی پہلی جمعرات کو درگاہ شریف میں شب بیداری کا پروگرام ہوتا ہے۔ جس میں آیتِ کریمہ، اللہ الصمد اور درود شریف کا ختم ہوتا ہے پھر رات ۴ بجے ذکر حلقہ ہوتا ہے اور حضرت فخر المشائخ اپنے مخصوص انداز میں دعا فرماتے ہیں۔

www.ashrafia.net

۵۔ ہر مہینے چاند کی ۱۳ رتاریخ کو بعد نمازِ مغرب تا عشاء
حضرت اشرف المشائخ ابو محمد شاہ سید احمد اشرف الاشرفی الجیلانی قدس سرہ
کی ماہانہ فاتحہ اور محفل نعت ہوتی ہے۔

۶۔ ہر مہینے چاند کی ۱۷ رتاریخ کو رات ۱۰ بجے
سلطان المشائخ حضرت نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت قطبِ ربانی ابو مخدوم شاہ سید محمد طاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ
کی ماہانہ فاتحہ اور محفل سماع ہوتی ہے۔

۷۔ ہر مہینے چاند کی ۲۷ رتاریخ کو رات ۱۰ بجے بانئ سلسلہ اشرفیہ
غوث العالم تارک السلطنت محبوبِ یزدانی حضرت مخدوم سلطان
سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہ کی ماہانہ فاتحہ اور محفلِ سماع ہوتی ہے۔

www.ashrafia.net

# حضرت فخر المشائخ ابوالمکرم ڈاکٹر سید محمد اشرف جیلانی مدظلہ العالی

## کے زیرِ نگرانی درگاہ عالیہ اشرفیہ میں ہونے والے (سالانہ روحانی تربیتی پروگرام)

۱۔**شبِ عاشورہ:** ۹/محرم الحرام کی رات شب بیداری ہوتی ہے۔

۲۔**شبِ میلاد:** ۱۱/ ربیع الاوّل کی رات کو حضور ﷺ کے میلاد کے سلسلے میں حضرت فخر المشائخ ڈاکٹر ابوالمکرم سید محمد اشرف جیلانی مدظلہ العالی خصوصی بیان فرماتے ہیں۔

۳۔**شبِ معراج:** ۲۶/رجب المرجب کی رات کو محفل نعت و بیان بسلسلہ شبِ معراج منعقد ہوتا ہے۔

۴۔**شبِ برأت:** ۱۴/شعبان المعظم کی رات روحانی اجتماع ذکر حلقہ اور خصوصی دعا ہوتی ہے۔

۵۔**ختم قرآن:** ۲۰/رمضان المبارک کی رات کو تراویح میں ختم قرآن ہوتا ہے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا یوم شہادت منایا جاتا ہے۔

۶۔**شب قدر:** ۲۶/رمضان المبارک کی رات میں شبینہ ہوتا ہے جس میں آخری پارے کی تلاوت حضرت فخر المشائخ مدظلہ العالی فرماتے ہیں اس کے بعد خصوصی دعا ہوتی ہے۔

www.ashrafia.net

# داخلِ سلسلہ ہونے والے کا نام و پتہ

نام: ---------------------------------------

ولدیت: ------------------------------------

پتہ: ---------------------------------------

تاریخ: -------------------------------------

کہ داخل سلسلہ شدہ عاقبت کار بحرمت النبی ﷺ

مہر: